# آوازِ نسواں

# آن

## تعارفی کتابچہ

National Seretariat:
Awaz-e-Niswan. AAN, Islamabad

## آن کا انتظامی ڈھانچہ

ہر ضلع میں آن کے دو یا اس سے زائد مقامی باب ہو سکتے ہیں۔تمام مقامی باب آن نیٹ ورک کا حصہ ہیں اور ان سب ابواب کی رکنیت آن کے صوبائی یا علاقائی سکریٹریٹس میں ہے۔اور یہ سب قومی نیٹ ورک کے اراکین ہیں۔

## آن کے وسائل اور انتظام

مقامی حلقے آن کے نظم وضبط کی پابندی کرتے ہوئے انتظامی اور مالی طور پر مئوثر اور خود مختار رہوں گے۔

ہر مقامی باب کے انتظامی امور کو چلانے کے لیے جمہوری طور پر ایک کمیٹی منتخب کی جاتی ہے۔اُس انتظامی کمیٹی میں صدر، سیکرٹری وخزانچی اور تین اور تین اراکین ہیں جو کہ ماہانہ اجلاس کرتے ہیں۔مقامی باب کی جنرل باڈی اجلاس ہر تین ماہ کے بعد بلایا جاتا ہے۔

(آن۔تربیتی کتابیں)



# آوازِ نسواں

# (آن)

Ph: +92 51 8735009
E-mail: info@aan.org.pk
Website: www.aan.org.pk

# آوازِ نسواں

## تعارف

پاکستان میں ہر100 سال میں سے 45 خواتین رجسٹرڈ رائے دہندہ گان ہیں،لیکن ان میں سے صرف 15 سے 50 فیصد خواتین اپنا حق رائے دہی استعمال کرتی ہیں۔ انتخابی عمل میں خواتین کی اتنی کم تعداد میں شرکت کی وجوہات میں سماجی رکاوٹیں،خواتین کے لیے مختص پولنگ اسٹیشنز کی قلت اور خواتین سٹاف کا نہ ہونا، اور کئی علاقوں میں سیاسی جماعتوں کا خواتین کو حق رائے دہی سے روکنے کا عہدوغیرہ شامل ہیں۔

لازم ہے کہ باشعور خواتین رائے دہندہ گان اپنی حیثیت اور اپنے مسائل کی طرف توجہ دلانے کے لیے منظم ہوں۔حق رائے دہندگان اپنی حیثیت اور اپنے مسائل کی طرف توجہ دلانے کے لیے منظم ہوں۔حق رائے دہی کو اپنا آئینی حق جان کراس کو ذمہ داری سے استعمال کریں۔تاکہ سیاسی جماعتیں اور رہنماان کی باشعور اور بااختیار حیثیت کو تسلیم کرکے ان کی ترجیحات کی پذیرائی کریں۔

آوازِنسواں (آن) غیر منافع بخش،غیر جماعتی اور رکنیت پر مبنی نیٹ ورک ہے۔آن کا کسی سیاسی جماعت یاادارے سے تعلق نہیں ہے بلکہ اس کا مقصد پاکستان میں بغیر کسی سیاسی،سماجی اور علاقائی تفریق کے خواتین رائے دہندہ گان کے مسائل کی نمائندگی کرنا ہے۔آن کے مقامی باب کی رکنیت 18 اور 18 سال سے زائد عمر کی خواتین رائے دہندہ گان پر مشتمل ہوتی ہے جو مقامی باب کے علاقوں میں رہائش پذیر ہوں اور آن کے اصولوں سے متفق ہوں۔ایک ضلع میں ایک سے زائد مقامی باب تشکیل دیئے جاسکتے ہیں۔سب ابواب کی رکنیت آن کے صوبائی یا علاقائی سکریٹریٹس میں ہے اور یہ سب قومی نیٹ ورک کا حصہ ہیں۔



## آن کا چارٹر

آن ملک بھر میں خواتین رائے دہندہ گان کا غیر منافع بخش،غیر جماعتی اور رکنیت پر مبنی نیٹ ورک ہے۔یہ بغیر کسی سیاسی،سماجی اور جغرافیائی تعصب کے پاکستان میں تمام خواتین رائے دہندہ گان کے مسائل کی نمائندگی کرتا ہے۔

## آن کے بنیادی اصول

پاکستانی خواتین کے حقوق:

۱۔اپنے آئینی حقوق کا استعمال

۲۔سیاسی،اقتصادی اور سماجی شراکت اور ترقی۔

۳۔تشدد سے پاک زندگی۔

۴۔ہر سطح کی فیصلہ سازی میں شرکت چاہے وہ گھر،علاقے یا محلے،کام کی جگہ یا سیاست میں ہو۔

۵۔سیاسی جماعتوں،انتخابی امیدواراں اور حق رائے دہی کے عمل کے بارے میں معلومات تک رسائی۔

۶۔مقامی،صوبائی اور قومی انتخابات میں باخبر طریقے سے اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی آزادی۔

۷۔بلاخوف سیاسی امور میں شرکت۔



## آن۔اغراض ومقاصد

ہر عمر،طبقے،تعلیم اور علاقے کی خواتین کو متحرک اور منظم کرنا تاکہ باخبر اور باشعور خواتین اپنا نیٹ ورک بنائیں اور اپنے ووٹ کو قوت سے نہ صرف آگاہ ہوں بلکہ اس کے استعمال سے اپنے علاقوں میں خواتین کی حالت اور حیثیت میں بہتری لاسکیں۔

قومی،صوبائی اور قومی سطح پر حکومت کے عہدیداروں اور منتخب نمائندوں کے ساتھ رابطے کرنا تاکہ وہ اپنے اپنے باب کی خواتین رائے دہندہ گان کی ضروریات پر بھرپور توجہ دیں اور ان کے لئے اضافی وسائل مختص ہوں۔

نیٹ ورک کے نشاندہی کردہ مسائل اور ترجیحات کو قانون اور فیصلہ ساز نمائندوں تک بذریعہ پالیسی بریف اور ایڈووکیسی پہنچانا تاکہ قومی سطح پر غوروفکر اور عملی اقدامات ہوں۔

مثالی نمائندے کے انتخاب میں دشواریاں۔

1 آزادانہ فیصلے کا حق نہ ہونا

2۔ شناختی کارڈ کا نہ ہونا

3۔ پولنگ اسٹیشن پہ خطرے کا ڈر

4۔ کرپشن

5۔ وسائل کی کمی